13215 ـ گنجے پن کی بنا پر سر کے بال لگوانے کا حکم

سوال

کیا گنجے پن والے شخص کے لیے بال لگوانے جائز ہیں؛ کیونکہ بعض لوگ گنجے پن سے اذیت محسوس کرتے ہیں، اور خاص کر جب چھوٹی عمر میں ہی ایسا ہو ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے درج ذیل سوال کیا گیا:

سر کے پچھلے حصہ سے بال لے کر زخمی حصہ پر بال لگانے کا حکم کیا ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" جی ہاں جائز ہیں؛ کیونکہ یہ اللہ تعالی کی پیدا کردہ صورت کو واپس لانے، اور عیب کو ختم کرنے کے باب میں شامل ہوتا ہے، نہ کہ خوبصورتی یا اللہ کی پیدا کردہ صورت میں زیادتی کے باب میں، اس لیے یہ تغیر خلق اللہ میں شامل نہیں ہوگا، بلکہ نقص کو پورا کرنے اور عیب ختم کرنے میں شامل ہو گا.

اور حدیث میں بیان کردہ تین افراد کا قصہ کسی پر بھی مخفی نہیں، جن میں ایك شخص گنجا بھی تھا، جب میں ہے کہ اس شخص نے یہ بتایا کہ مجھے یہ پسند ہے کہ اللہ تعالی اس کے بال واپس کر دے اور اس کا گنجا پن ختم کر دے، تو فرشتے نےاس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اللہ تعالی نے اس کے بال واپس کر دیے، اور اسے بہت اچھے بال دیے گئے "

صحیح بخاری حدیث نمبر (3464) صحیح مسلم حدیث نمبر (2964).